# گلزار اعظمی.....ایک ہی شخص تھا جہاں میں کیا

از محمود احمد خاں

دریابادی لیجئے ایک آدمی اور چلا گیا.......... بے باک ........... بیخوف ........... بیلاگ آدمی، جس کو گلزار اعظمی کہا جاتا تھا، ............ تھا تو وہ گوشت پوست کا ہی بنا ہوا مگر ............ اپنے افکار اور کردار، بیباکی و بے خوفی کی وجہ سے مرد آہن تھا، جس کو آج کی چلتی زبان میں " لوہ پُرش " بھی کہتے ہیں۔ یوں تو ایک عرصہ ہوگیا ہم کو ملی وسماجی میدانوں میں ٹوٹی پھوٹی خدمات انجام دیتے ہوئے، مگر آج ہم برملا یہ اعتراف کرتے ہیں کہ ہم نے سماجی کام کرنے کا عزم، حوصلہ، جذبہ اور سلیقہ جن لوگوں سے سیکھا ہے اُس میں ایک بڑا اور اہم نام گلزار اعظمی کا ہے، حالانکہ ان کی اور ہماری عمر میں تقریبا تین دھائی کا فرق رہا ہوگا، مگر ہم لوگ اُن کو گلزار بھائی ہی کہتے تھے، ............ صاف دل، منہ پھٹ، حقیقت پسند اور حق گو انسان تھے جس بات کو صحیح سمجھ لیتے اُس پر ڈٹ جاتے تھے، صرف ڈٹتے ہی نہیں بلکہ فریق بن کر ساری لڑائی اپنے سر لے لیتے تھے ............ کئی مرتبہ ایسا ہوا کہ اُن کو دو فریقوں کے درمیان صلح صفائی کے لئے پنچائت میں شامل کیا گیا، بات چیت آگے بڑھتی، اس دوران اگر گلزار بھائی کو یہ محسوس ہوجاتا کہ ایک فریق مسلسل زیادتی کررہا ہے، سمجھانے سے بھی نہیں مان رہا تب گلزار بھائی کی تیغ بَرّاں نکلتی اور اصل فریق ایک طرف رہ جاتا گلزار بھائی خود فریق بن جاتے، ایسے لوگوں کے لئیان کے پاس ہر طرح کا علاج دستیاب رہتا، ڈانٹ ڈپٹ، تیز گفتگو، اگر سامنے والا بدزبان ہوتا تو وہ بھی مادر پدر کرنے لگتے، سرکار، دربار کی نوبت آتی تو اس میں بھی پیچھے نہیں رہتے تھے گلزار بھائی عالم نہیں تھے، ممبئی کے انجمن اسلام ہائی اسکول میں بھی چند سال ہی پڑھا تھا، مگر علماء سے طویل صحبت، ذاتی مطالعہ، عصری تعلیم یافتہ افراد، وکلاء وغیرہ سے مستقل رابطے کے نتیجے میں حسب ضرورت عربی، انگریزی، ہندی، مراٹھی وغیرہ پڑھنے و سمجھنے کی صلاحیت موجود تھی ہم نے اُنھیں مختلف فرقوں کے افراد سے پولیس اسٹیشن وغیرہ میں مناظرانہ گفتگو کرتے ہوئے بھی دیکھا ہے بزرگانہ ہاو بھاو، ہٹو بچو کو نہ اپنے لئے پسند کرتے نہ دوسروں کے لئے، ............ چونکہ ہمارا مزاج بھی بہت زیادہ " مولویانہ '' نہیں رہا اس لئے ہم جیسے لوگوں سے خوب جمتی رہی، ............ سرکار دربار میں بے باکی سے گفتگو کرنا، چاپلوسی اور تملق سے پرہیز اُن کی خاص صفت تھی، وزیر اعلی، پولیس کمشنر وغیرہ کے یہاں وفد لے کر جاتے تو بالکل صاف اور سخت گفتگو کرتے، پولیس یا انتظامیہ کی شکایت کرنی ہوتی تو صاف کہتے " آپ کی پولیس یہ کررہی ہے " ............ کسی میٹنگ وغیرہ میں ہم لوگوں کے ساتھ بیٹھتے تو چاہتے کہ کسی کے انتظار میں وقت ضائع کئے بغیر فورا گفتگو شروع کردی جائے جس کو آنا ہوگا آتا رہے گا ہر پانچ منٹ میں گھڑی دیکھتے، ہم لوگ مزاق میں کہتے بھی تھے کہ گلزار بھائی آخر کیوں جلدی کرتے ہیں، گھر جاکر ٹی وی ہی تو دیکھنا ہے! (ٹی وی پر تمام اہم چینلس کی خبریں دیکھنے کی عادت تھی) گلزار بھائی ممبئی میں اہل حق حلقہ دیوبند کا ایک اہم ستون تھے، جس زمانے میں بریلوی شرپسندوں نے بعض بیرون ملک مقیم غنڈوں کی مدد سے اہل حق کی مساجد پر قبضے کا سلسلہ شروع کیا، اسی دوران جامع مسجد ممبئی میں ہونے والے تبلیغی اجتماع میں شریک دو مسلمانوں کا ان ہی شرپسندوں نے "موب لنچنگ'' کے ذریعے قتل بھی کردیا تھا، وہ وقت ممبئی میں دیوبندیوں کے لئے نازک تھا، شہر کے مشہور شہ زور مخالف تھے، انتظامیہ اور پولیس بھی اُن کی نمک خوار تھی ایسے نازک وقت میں گلزار اعظمی، ہارون موزہ والا، شہاب الدین شیخ و دیگر حضرات نے انجمن اہل



السنت والجماعت کی تشکیل کی اور جان ہتھیلی پر لے کر اہل حق کے پرچم کو بلند کیا، بفضل خدا شرپسندوں کو اپنی تمام تر طاقتوں کے باوجود منہ کی کھانی پڑی اور حلقہ دیوبند کے خلاف اُٹھتا ہوا طوفان تھم گیا گلزار بھائی ممبئی کے جس علاقے میں رہتے تھے وہ قلب ممبئی کہلاتا ہے، وہاں اہل تشیع کی بھی کثیر آبادی ہے، محرم وغیرہ کے موقع پر اُن کی تقریبات ہوتی ہیں، اُن میں وہی تمام دل آزار چیزیں تبراء وغیرہ بھی ہوتا ہے، جن دنوں یوپی میں عزاداری پر پابندی لگی تب سے ممبئی ملک بھر کے اس طبقے سے تعلق رکھنے والے افراد کے لئے ایک بڑا مرکز بن گیا، دور دور سے یہ لوگ یہاں آنیلگے، نئی نئی تقریبات، نئی مجلسیں، نئے جلوس نکلنے لگے، مسلمانوں کی محترم شخصیات پر اشاروں کنایوں میں اور حسب موقع صاف صاف بھی طعن وتشنیع کا سلسلہ بھی دراز ہونے لگا اہل تشیع کے کچھ بااثر اور مالدار افراد کی پشت پناہی کی وجہ سے پولیس وانتظامیہ میں بھی اُنھیں کا اثر زیادہ ہوگیا ............ ایسے میں سب سے پہلے گلزار اعظمی صاحب میدان میں آئے لوگوں کو متوجہ کیا، پہلے انجمن خدام صحابہ پھر انجمن تحفظ ناموس صحابہ کی تشکیل ہوئی، اس کے تحت عوامی دباو کے ساتھ پولیس وانتظامیہ پر بھی پریشر بنایا گیا، عدالتی کارروائی اور الحمدللہ متعدد موقعوں پر " دست بدست " کاروائی کی سنت پر بھی عمل کرنے کا ثواب حاصل کیا گیا، محرم کے موقع پر اہل تشیع کے گڑھ میں مسلمانوں کے بھی دو بڑے جلسے ہوتے تھے، گلزار بھائی نے اُن کو مزید منظم کیا گلزار بھائی کی سرپرستی میں ہی عاشورے کے ایک دو دن بعد ہی مدح صحابہ کا مشاعرہ بھی وہیں منعقد ہونے لگا ............ ہم جیسے چھوٹے افراد بھی ان سب اقدامات میں گلزار بھائی کے ساتھ رہ کر کام کرنے کا طریقہ سیکھتے رہے غرض ان ساری کوششوں کا نتجہ یہ نکلا کہ رافضیت معاہدہ کرنے پر مجبور ہوگئی، ............ پولیس کے اعلی افسران کی موجودگی میں باقاعدہ تحریری معاہدہ تیار ہوا جس میں اُن کی تقریبات کو محدود کیا گیا، بعض تقریبات میں شرکاء کی تعداد بھی متعین کی گئی، مثلا بعض گلیوں سے علم کا جلوس زبردستی نکلتا تھا وہاں طے کیا گیا کہ یہاں سے صرف چار خاندان کے کل چار آدمی جو اسی گلی میں رہتے ہیں کے صرف چار علم نکال سکیں گے، کوئی نعرہ، ماتم وغیرہ نہیں ہوگا، پوری گلی میں کہیں ٹھہرے بغیر تیزی سے گزر جائیں گے عاشورے

کے دن عام سڑک پر رام لیلا کے طرز پر کربلا کے واقعات کھیلے جاتے تھے اس " کربلا لیلا " کو موقوف کیا گیا ............ اس موقع پر مجھے پولیس کے ایک اعلی افسر کے الفاظ یاد آتے ہیں جو اُس نے مجھ سے تنہائی میں کہے تھے کہ " گلزار بھائی جس دن مرے گا اُس دن یہ لوگ گھی کے چراغ جلائیں گے " سیاست میں بھی گلزار بھائی کا دخل رہا ہے، شوشلسٹوں سے قریب تھے، کانگریس کے خلاف جنتا پارٹی، جنتا دل وغیرہ کے امیدواروں کے انتخابی جلسوں، ریلیوں میں بلائے جاتے تھے، حسب موقع پرجوش تقریریں بھی کرتیتھے بعد میں شوشلسٹوں سے مایوس ہوکر کچھ کانگریسیوں سے بھی قربت ہوئی تھی، مگر کانگریس کے کسی جلسے میں کبھی گئے ہوں ہمیں یاد نہیں پڑتا جمیع علماء سے گلزار بھائی کا "للّہی تعلق " تھا اس اجمال کی تفصیل یہ کہ حضرت مجاہد ملت کے بعد ایک عرصہ ایسا بھی گزرا ہے جب مہاراشٹرا میں جمیع کے چند لوگوں سے گلزار بھائی کی نہیں جمی، انھوں نے گلزار بھائی کو سائڈ لائن کردیا تھا، ان دنوں مرکز کے ارباب حل وعقد نے بھی اس زیادتی پر خاموشی اختیار کی گلزار بھائی تو تھے ہی تیز مزاج ! ............ انھوں نے اس زیادتی پر کیا کیا اور کیسے کیسے تبصرے کئے، کبھی طنز کرتے کبھی " دشنام شریفانہ " کا سہارا لیتے، اس زمانے میں جمیع کا بڑا ہو یا چھوٹا شاید ہی کوئی اُن کی کاٹ دار زبان سے بچا ہو ............ مگر جب بھی جمیع کا کوئی پروگرام ہوتا، کوئی تقریب کوئی تحریک ہوتی بغیر بلائے پہونچ جاتے تھے اور آگے بڑھ بڑھ کر تعاون کرتے تھے مگر جب کام پورا ہوجاتا تو پھر اُن کے ساتھ وہی ............ " کس نمی داند کہ بھیا کون ہو " والا معاملہ پیش آتا ایسے موقع پر ہم جیسے لوگ مزاق میں کہتے بھی تھے کہ گلزار بھائی ! جمیع والے جب ضرورت ہوتی ہے آپ کو استعمال کرلیتے ہیں پھر پھینک بھی دیتے ہیں گلزار بھائی اس پر مزید برہم ہوجاتے اور نئے نئے انداز کی گل افشانیاں کرنے لگتے پھر جب دوبارہ جمیع کا کوئی کام سامنے آتا سب کچھ بھول کر پھر دفتر پہونچ جاتے تھے گویا جمیع کی محبت ان کی گھٹی میں پڑی ہوئی تھی، کوئی بلائے یا نہ بلائے ضرورت پر حاضر! ............ جبکہ دوسری کوئی تنظیم یا جماعت چاہے پرسنل لاء بورڈ ہو، یا ملی کونسل وغیرہ گلزار بھائی شاید ہی اُن کے کسی پروگرام میں شریک ہوئے ہوں بلائے جاتے تب بھی نہ جاتے، ہم

جیسے بے تکلف لوگ کبھی کبھی زور زبردستی کرکے وعدہ بھی کرالیتے تب بھی عین وقت پر پھسل جاتے تھے پھر ایک وقت وہ بھی آیا جب جمیع کے ارباب حل وعقد نے گلزار بھائی کو باقاعدہ ذمہ داریاں سونپیں، خاص طور پر ناکردہ گناہوں کی پاداش میں سرکاری دہشت گردی کا شکار ہونے والے نوجوانوں کی قانونی واخلاقی دادرسی کا فریضہ گلزار بھائی کے سپرد کیا گیا یہ کام آسان نہیں تھا، فرقہ پرستوں کی طرف سے دھمکیاں ملیں، فون کے ذریعے ڈرانے کی کوشش ہوئی، ............ مگر ہمارے گلزار بھائی "لوہ پُرش '' یوں ہی تھوڑی بن گئے تھے، فون پر دھمکانے والوں کی مغلظات کا جواب اُن ہی کی " ماتر بھاشا '' میں دیتے دوسرے ذرایع سے ڈرانے والوں کے لئے باقاعدہ پریس کانفرنس منعقد کی اور پوری بے باکی سے فرمایا کہ ہمیں کسی دھمکی کی پرواہ نہیں، ہمیں ڈرایا نہیں جاسکتا، ہم مظلوموں کی حمایت یوں ہی کرتے رہیں گے اچھی بات یہ تھی کہ اس پریس کانفرس میں دوسری ملی تنظیموں کے اعلی عہدے داران بھی گلزار بھائی کی حمایت کے لئے موجود تھے ............ گلزار بھائی کی محنتوں کا ہی نتیجہ رہا کہ بہت سے بے گناہ رہا ہوئے، کچھ نوجوانوں کے لئے تو سزائے موت کا اعلان ہو چکا تھا، وہ باعزت بری ہوگئے ............ ناکردہ جرائم سے خلاصی پانے والوں میں دیوبندی، بریلوی، اہل حدیث جیسے تمام مسالک کے افراد شامل ہیں اب بھی بلا تفریق مسلک درجنوں بے گناہوں کی قانونی لڑائی گلزار بھائی کی سرکردگی میں لڑی جارہی تھی، ہمارا خیال یہ ہے کہ گلزار بھائی کی ملت کے لئے یہ اکیلی بے لوث خدمت ایسی ہے جو آخرت میں اُن کی سئیات کو حسنات سے بدل کر پروانہ نجات دلانے کے لئے انشااللہ کافی ہوگی کھانے پینے اور لباس کے معاملے میں انتہائی سادہ بلکہ لاابالی تھے عموما کرتا لنگی پہنتے تھے، جس دن علی گڑھ پاجاما پہن کر آتے تو جانکار سمجھ جاتے تھے کہ آج کمشنر یا کسی منتری کے یہاں میٹنگ میں جانا ہے ............ ہم نے اُن کے ساتھ تقریبا پینتالیس سال کام کیا ہے، ان برسوں میں متعدد مرتبہ ایسا ہوا ہے کہ ہمارا اُن سے اختلاف ہوا، بلند آہنگ گفتگو، بحث وتکرار سے لے کر بعض اوقات " جدال " تک بھی نوبت پہونچی ہے ایک بار تو اُن کے دفتر میں یہاں تک ہوا کہ زبردست مباحثے اور تکرار کے بعد گلزار بھائی نے ہم دو تین لوگوں کو

دفتر سے نکالنے کے لئے پولیس کو بلوا لیا، چونکہ دونوں طرف کے لوگ پولیس کے لئے متعارف تھے اس لئے معاملہ ختم کرادیا گیا، بات آئی گئی ہوگئی گلزار بھائی کی خصوصیت یہ رہی کہ اس طرح کے متعدد جھگڑوں کے باوجود ہمارے لئے اُنھوں نے اپنے دل میں کوئی بغض نہیں رکھا، چونکہ ہم بھی اُن کے مزاج سے واقف تھے اِس لئے اکثر ہم ہی فون کرکے بات چیت کی پہل کرلیا کرتے تھے، ایسا بھی ہوا ہے کہ اُنھوں نے فون کیا یا کہیں سامنا ہوا تو مخاطب کرکے خیریت دریافت کرلی، اور پھر تعلقات معمول پر لوٹ آئے اُن کے بڑکپن کی سب سے بڑی دلیل یہ ہے کہ ہم سے عمر میں بہت بڑے ہونے کے باوجود ہمیشہ " محمود بھائی " کہتے رہے اُن کے ساتھ کے کام کرنے والے لوگوں میں حضرت مولانا ظل الرحمٰن صاحب، حاجی شمس الدین صاحب، حاجی محمد علی صاحب، مولانا ابرار صاحب، مولانا مستقیم احسن اعظمی، ہارون موزہ والا، محمد احمد زری والے، شبیر احمد راہی، وغیرہ پہلے ہی سدھار چکے تھے، حضرت مفتی عزیز الرحمان صاحب، قاضی زکریا قمر صاحب جیسے کچھ بزرگ ابھی پرانی یادگاروں میں سلامت ہیں، اللہ اِنھیں تادیر سلامت رکھے کچھ ہم جیسے چھوٹے بھی ہیں جنھوں نے اُن کی چشم وابرو کی جنبش سے قومی کام کرنے کا سلیقہ سیکھا ہے پتہ چلا ہے کہ چار دن قبل گلزار بھائی رات میں کھانے سے پہلے لڑکھڑا کر گر گئے تھے، مگر اس وقت کچھ پتہ نہیں چلا، اطمینان سے ساتھیوں کے ساتھ کھانا کھایا، کچھ دیر گفتگو بھی کی، تب تک بھی کوئی احساس نہیں تھا، رات میں سوئے، جب صبح وقت مقررہ پر بیدار نہیں ہوئے تب ساتھیوں نے جاکر دیکھا تو بیہوشی طاری تھی اسپتال منتقل کیا گیا، معلوم ہوا گرنے کی وجہ سے سر کا پچھلا حصہ اور گردن کی ہڈی متاثر ہوئی ہے، آپریشن تجویز ہوا، آپریشن کیا گیا،

**مگر حالت خراب ہوتی گئی، وینٹیلیٹر پر رکھا گیا، حالت تشویشناک ہوتی گئی، کئی دن قبل ہی ڈاکٹروں نے مایوسی کا اظہار کردیا تھا، پھر بھی کوششیں جاری رہیں،............ ملک الموت کوضد تھی کہ میں جاں لیکیٹلوں سربسجدہ تھا مسیحاکہ مری بات رہے بالاخر قضاو قدر کا فیصلہ غالب آیا، اور 20 اگست 2023ء صبح ساڑھیدس بجے کے قریب عالم فانی کا مسافر عالم جاودانی کی طرف پرواز کرگیا پسماندگان میں ماشااللہ ایک بھراپرا خاندان ھے، چھه صاحبزادیے و پانچ صاحبزادیاں، الحمد لله سب خوشحال اور صاحب اولاد ھیں اھلیه کا کئی سال قبل انتقال ھوچکا ھے الله تعالی ان کے پورے خانوادیے کو صبرجمیل اور ملت اسلامیه کو ان کا نعم البدل عطافرمائے۔ کھانی ختم ھوئی اور ایسی ختم ھوئی که لوگ رونے لگے تالیاں بجاتے ھوئے۔**

# کسی بھی کنبہ کی خوشحالی
# عورتوں کیساتھ اچھا برتاؤ کرنے پر منحصر ہے



ازقلم: محمد شبیر کھٹانہ
رابطہ نمبر 9906241250

ہر ایک کنبہ میں عورت کنبہ کے دیگر افراد کے مقابلے میں سب سے زیادہ کام کرتی ہے گھر کا تمام کام کاج جس میں رسوئی میں کام کرنا بھی شامل ہے یہ سب کام ایک عورت کرتی ہے ایک عورت ہر طرح کے موسم میں روزانہ سولہ گھنٹے سے زیادہ وقت کے لئے کام کرتی ہے اور وہ بھی بالکل مفت میں کیونکہ اس سب کام کے عوض میں اسے کوئی بھی اجرت یا پھر تنخواہ نہیں ملتی ہے باقی کام کرنے والے بھی افراد جو تنخواہ بھی حاصل کرتے ہیں انہیں چھٹی بھی ملتی ہے جبکہ ایک گھر کا کام کاج کرنے والی عورت کو کوئی چھٹی نہیں ملتی یا پھر گھر کا کام۔ ہو جانوروں کی دیکھ بھال ہو یا بچوں کی دیکھ بھال اس تمام کام کے لئے اس کا کوئی متبادل کام۔ کرنے والا نہیں ہوتا ان سب وجوہات کے باوجود عورت سب سے زیادہ کام کرتی ہے اور نہ کسی سے تنخواہ یا اجرت کی مانگ کرتی ہے ثابت ہوتا ہے کہ ہر عورت اپنے کنبہ کی بے لوث خدمت کرتی ہے۔

ایک عورت کو اللہ تبارک تعالی نے کچھ مخصوص صلاحیتوں سے نوازا ہے جس کا ثبوت اس بات سے ملتا ہے کہ جب ایک ہی کمرے کے اندر ایک عورت اور اس کا خاوند سوئے ہوئے ہوتے ہیں اور بچہ کسی تکلیف کی وجہ سے رونا شروع کرتا ہے بچے کے رونے کی آواز اس عورت کے خاوند کو نہیں سنائی دیتی جب کہ عورت کو فوری طور پر سنائی دیتی ہے اور وہ بچے کی تکلیف کو دور کر کے اسے رونے سے چپ کراتی ہے۔

گھر میں اگر کھانا پکایا ہوا بھی ہو تو ایک باپ پکا ہوا کھانا بچوں میں بانٹ نہیں سکتا اور اگر بانٹ بھی دے تو بچے کبھی بھی مطمعین نہیں ہوتے بچوں کو مطمعین کرنے کی صلاحیت بھی اللہ سبحان تعالی نے ایک ماں کو ہی عنایت کی ہے۔

سب سے اہم ذمہ واری جو ایک عورت انجام۔ دیتی ہے وہ اپنے بچوں کو اپنا دودھ پلاتی ہے اور دودھ طاقت، اور صحت کے لحاظ سے دنیا میں پائی جانے والی تمام غزاؤں میں سب سے زیادہ طاقت فراہم کرتا ہے اب اگر ماں پریشان یا تکلیف کا شکار ہے تو اس کے دودھ میں اس کی پریشانی یا تکلیف کا پورا اثر ہوتا ہے اور جب تکلیف اور پریشانی سے ماں بچے کو دودھ پلاتی ہے تو اس پریشانی کا بچے کی صحت پر بہت ہی برا اثر پڑتا ہے اس کا مطلب یہ ہوا کہ صحت مند خوشحال اور قابل اور لائق بچوں کی پرورش کے لئے ایک ماں کو پورا خوشحال رکھنا لازمی ہے ثابت ہوا کہ ایک مرد کو اپنے ہی بچوں کی خاطر ایک عورت یعنی اپنی بیوی کو ہمیشہ خوش رکھنا ہے۔

دوسرے الفاظ میں ایک مرد کی طرف سے ایک عورت پر ظلم اپنے ہی بچوں پر ظلم ہے ساس سسر کی طرف سے بہوں پر ظلم اور زیادتی اپنے پوتے اور پوتیوں پر ظلم ہے اگر سماج کے ہر فرد کو اس بات کی جانکاری ہو تو پھر سماج کا ہر فرد عورت پر ظلم اور زیادتی کرنا بند کرے گا۔ ایک باپ اپنی بیٹی کو ہمیشہ خوشحال دیکھنا چاہتا ہے مگر اس کی بیوی بھی آخر کسی باپ کی بیٹی ہے تو اس کا فرض بنتا ہے کہ اپنی بیٹی کی خوشی کی خاطر وہ اپنی بیوی کو بھی خوش رکھے یہ قدرت کا قانون ہے کہ جب ایک شخص دوسروں کی طرف دھیان نہیں دیتا تو قدرت بھی ایسے شخص کی طرف کبھی دھیان نہیں دے گا اس لئے ہر وہ مرد جو اپنی بیٹی کو خوشحال دیکھنا چاہتا ہے وہ اپنی بیوی کو بھی اس سے زیادہ خوشحال رکھے اور اپنی بیٹی کی خاطر کبھی بھی اپنی بیوی کے ساتھ ظلم اور زیادتی نہ کرے

ایک مرد کو طاقتور اور توانہ شمار کیا جاتا ہے اور مرد کے مقابلے میں عورت کمزور ہے اس بات کو مدنظر رکھتے ہوئے اس مرد کو مرد تصور نہیں کیا جاسکتا جو ایک عورت پر ظلم اور زیادتی کرے یا اسے کسی بھی قسم کی سزا دے اس بات کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک عورت پر ظلم زیادتی کرنا اور اسے بلا وجہ تنگ کرنا ایک مرد کی عزت شان اور طاقت کے سراسر خلاف ہے۔ اللہ تبارک تعالی نے مرد کو طاقتور ایک عورت کی حفاظت کے لئے بنایا ہے نہ کہ اس پر ظلم اور زیادتی کرنے کے لئے

اس گھر پر سے اللہ کی رحمت اٹھا دی جاتی ہے جس گھر میں ایک عورت پر ظلم اور زیادتی ہوتی ہے اور پھر کوئی بھی اچھی چیز اس گھر کے افراد کو نصیب ہی نہیں ہوتی اس بات سے یہ ثابت ہو جاتا ہے کہ کسی بھی کنبہ کے تمام افراد کی خوشحالی کا دارومدار ایک عورت کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنے پر نربھر کرتا ہے جہاں ایک مرد اپنی بیوی کو سزا دیتا ہے یا ظلم یا زیاتی کرتا ہے تو اس کنبہ پر غریبی پریشانی اور بیماری لاحق ہونے سے کبھی بھی انکار نہیں کیا جاسکتا اور جب عورت کے ساتھ اچھا برتاؤ کیا جاتا ہو تو پھر ایسے کنبہ کو اللہ تبارک تعالی امیری عطا کرتا ہے اور اللہ تبارک تعالی غیب کے خزانہ سے ایسے کنبے کو نواز دیتا ہے۔

ایک مرد کا فرض بنتا ہے کہ وہ عورت یعنی اپنی بیوی کی عزت کرے ایک عورت کے لئے عزت سے بڑھ کر کچھ بھی نہیں اگر ایک مرد اپنی بیوی میں کوئی بھی تبدیلی لانا چاہتا ہے تو عزت اور پیار سے اس کو سمجھا کر رفتہ رفتہ اسے کے طور طریقے اور اس کے برتاؤ میں تبدیلی لاسکتا ہے زبردستی ظلم اور زیادتی کر کے عورت کو کبھی بھی تبدیل نہیں کیا جا سکتا جب ایک مرد اپنی بیوی کی عزت کرتا ہے تو عورت کے تمام طاقتیں مرد کی عزت اور پیار کے سامنے ختم ہو جاتی ہیں اور اگر ظلم اور زیادتی کر کے اس کو بدلنے کی کوشش کی گئی تو پھر ایسی عورت ہمیشہ ہمیشہ کے تباہ اور برباد ہو جاتی ہے اور پورے کنبہ کو تباہ و برباد کرتی ہے ثابت ہوا کہ عورت پر ظلم زیادتی کرنے سے مرد کی اپنی خوشحالی ہمیشہ ہمیشہ کے ختم ہو جاتی ہے۔

ایک عورت ایک مرد کے لئے اللہ تبارک تعالی کی طرف سے اس کائنات کا سب سے قیمتی تحفہ ہے کروڑوں کا جہیز بھی ایک عورت کے مقابلے میں کچھ نہیں جب ایک مرد اپنی بیوی کی عزت کرتا ہے اس کو خوشحال رکھتا ہے وہ صحتمند بچوں کو جنم دیتی ہے۔ خوشحال ماں بچوں کی پرورش کر کے انھیں قابل اور لائق بچے بناتی ہے اور تعلیم حاصل کرنے کے بعد بڑے بڑے عہدے حاصل کر کے یہ بچے کروڑوں روپے کماتے ہیں اور پھر وہ کنبہ جس میں ایک عورت خوشحال ہو اس کی آنے والی نسلوں پر بھی اللہ تبارک تعالی کی کرم نوازی ہوتی ہے اور ایسے کنبہ کی انے والی نسلیں کبھی بھی اللہ کی رحمت سے کسی بھی طرح محروم نہیں ہوتیں۔

جب کسی بھی مرد کو اللہ تبارک ایک بچے سے نوازتا ہے اور اس کی بیوی محنت کر کے بچے کی پروش کرتی ہے اور پھر دونوں مل کو اس بچے کو پڑھا لکھا کر جوان کرتے ہیں تو اس تمام وقت کے دوران ایک مرد کو اس بات کا پورا اندازہ ہو جاتا ہے کہ کتنی محنت کر کے اس کے ساس اور سسر نے اس کی بیوی کو پال پوس کر جوان کیا اس کی پڑھائی پر کتنا خرچہ کیا اور پھر شادی کے بعد انھوں نے اپنی پیاری بیٹی کو اس کے حوالے کر دیا تو پھر ایسے مرد کا یہ فرض بنتا ہے کہ وہ اپنی ساس اور سسر کی طرف سے اس کی بیوی پر کی گئی محنت کو مدنظر رکھتے ہوئے بیوی کی عزت اور قدر کرے یہ مرد کا اخلاقی مذہبی اور قانونی فرض بنتا ہے کہ وہ بیوی اور خاوند کے پاکیزہ رشتے کو مدنظر رکھتے ہوئے بیوی کی ہمیشہ عزت کرے اور اپنے آپ کو اشرف المخلوقات کا ایک فرد ثابت کرے ورنہ خاوند اور بیوی کے پاکیزہ رشتے کی بہت بڑی توہین ہوگی۔

ایک مرد کو اس دنیا میں شاندار کامیابی حاصل کرنے کے لئے چار شخصیات کی دعا حاصل کرنا ضروری ہے ان شخصیات میں دو اس کے والدین اور دو ساس اور سسر شامل ہیں ایک ساس کی دعا کہ دو پہلوں ہیں اگر ایک مرد کی بیوی اپنے خاوند کی اپنی ماں کے پاس شکایت نہ کرے تو ساس اپنے داماد کے حق میں دعا کرے گی لیکن اگر بیوی نے اپنے خاوند کے اچھے برتاؤ سے متعلق اپنی ماں کے سامنے تعریف کر دی تو پھر ساس محترمہ اپنی شادر کی جھولی اٹھا اٹھا کر اپنے داماد کے حق میں ہمیشہ دعا کرتی ہے اس بات کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک مرد کو اپنی بیوی پر کبھی بھی ظلم اور زیاتی نہیں کرنی چاہیے بلکہ ساس کی دعا حاصل کرنے کے لئے ہمیشہ اپنی بیوی کی عزت اور قدر کرنی چاہیے۔

اس آرٹیکل کا لکھنے کا مقصد یہ ہے کہ اس آرٹیکل کو اس ذی عزت اخبار میں پبلش کر کے اس کے زریعہ سماج کے ہر فرد اور ہر ایک مرد کو بتایا جائے کہ ہر ایک مرد عزت اور پیار کے ساتھ ایک عورت یعنی اپنی بیوی کے برتاؤ کے طور طریقے میں کسی بھی طرح کی تبدیلی لاسکتا ہے جبکہ عورت پر ظلم اور زیادتی سے عورت ہمیشہ ہمیشہ کے لئے خراب ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے اس مرد کا اپنا ہی کنبہ تباہ و برباد ہوتا ہے ہر مرد کو یہ بتانا ضروری ہے کہ اللہ تبارک تعالی کی کرم نوازی اور رحمت کے حصول کی خاطر ہر مرد کو اپنی بیوی کے ساتھ ہمیشہ بہت ہی اچھا برتاؤ کرنا ضروری ہے ایک مرد اپنی بیوی کو خوش رکھ کر اس کے ساتھ اچھا برتاؤ کر کے اپنے بچوں کو صحت مند قابل اور لائق بنا سکتا ہے اور مرد کا بیوی پر ظلم اور زیادتی کرنا اپنے ہی بچوں پر ظلم اور زیادتی کرنا ہے ہر مرد کو یہ بتایا جائے کہ عورت ایک مرد کے لئے قدرت کی طرف سے اس کائنات کا سب سے قیمتی تحفہ ہے لہزا ہر مرد اس تحفے یعنی عورت کی پوری پوری قدر کرے۔

اگر مرد اللہ تبارک تعالی کے لامحدود خزانے میں سے کچھ بھی اچھا حاصل کرنا چاہتا ہے تو وہ عورت یعنی اپنی بیوی کی عزت اور قدر کرے اور کبھی بھی اس پر ظلم اور زیادتی نہ کرے۔

اگر کوئی بھی کنبہ جس میں عورت کی عزت اور قدر ہوگی تو انشا اللہ وہ کنبہ خوشحال ہوگا جب سماج کے تمام۔ کنبوں میں عورتوں کی عزت اور قدر ہوگی تو پھر سارا سماج خوشحال ہوگا اس بات سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ سماج کی خوشحالی عورت کی عزت اور قدر کرنے پر منحصر ہے۔

اس آرٹیکل کے لکھنے کا مقصد یہ بھی ہے کہ اس کے ذریعہ سے سماج کو اس بات سے آگاہ کیا جائے کہ عورتوں پر ظلم اور زیادتی ختم کرنے کے لئے ہر گاؤں میں کمیٹیاں تشکیل دی جائیں اس کمیٹی میں ہر مذہب کی جانکاری رکھنے والے افراد قانون کے ماہر اخلاقیات کے ماہر اور ذی شعور شہری شامل ہوں جو شادی سے قبل ہر ایک مرد کو اس آرٹیکل میں درج تمام وجوہات سے پوری طرح اگاہ کریں اور جانکاری دیں تاکہ ہر ایک مرد شادی کے بعد اپنی خوشحالی امن سے بھری زندگی اور اپنے ہی بچوں کی بھلائی کی خاطر اپنی بیوی کی عزت اور قدر کرے تاکہ سماج سے عورتوں پر ظلم اور زیادتی ہمیشہ ہمیشہ کے لئے ختم ہو جائے۔

## 'جیل کی دنیا نے مجھے گینگسٹر بنایا': موسے والا کے قتل سمیت سنگین مقدمات میں مطلوب لارنس بشنوئی کون ہیں؟

بی بی سی

لارنس بشنوئی کو قتل، اقدام قتل، ڈکیتی سمیت سنگین نوعیت کے **50** کے قریب فوجداری مقدمات کا سامنا ہے۔ 'میں ایک طالبعلم تھا جب میں پہلی بار جیل گیا۔۔۔۔ جیل کی دنیا نے مجھے 'گینگسٹر' بنا دیا۔ ہمارے بھائی مارے گئے، ہم نے صرف اس کا جواب دیا، انسان کیا بنتا ہے، اس کا دارومدار اس ماحول پر ہوتا ہے جس میں وہ پرورش پاتا ہے۔'

یہ بات پنجاب کی بھٹنڈا جیل میں قید گینگسٹر لارنس بشنوئی نے جیل سے ایک نجی ٹی وی چینل کو دیے گئے انٹرویو میں کہی۔ لارنس بشنوئی کو سنگین نوعیت کے **50** کے قریب فوجداری مقدمات کا سامنا ہے۔

انڈین پولیس کا دعویٰ ہے کہ لارنس اپنی زیادہ تر کارروائیاں جیل کے اندر ہی سے انجام دیتے ہیں۔ ان پر معروف پنجابی گلوکار سدھو موسے والا کو قتل کرنے کی سازش کا الزام بھی ہے۔ ٹیلی ویژن چینل نے دعویٰ کیا ہے کہ یہ انٹرویو لارنس بشنوئی نے جیل کے اندر سے انھیں خصوصی طور پر دیا ہے۔ لیکن پنجاب پولیس نے اس کی تردید جاری کی ہے۔

پولیس نے بھی یہ کہا ہے کہ بشنوئی کا یہ انٹرویو ریاست کی کسی جیل سے نہیں ہوا ہے۔ واضح رہے کہ **32** سالہ لارنس بشنوئی کو قتل، اقدام قتل، چوری، ڈکیتی سمیت متعدد الزامات کا سامنا ہے۔ اور ان کے خلاف زیادہ تر کیس پنجاب، دہلی اور راجستھان میں درج ہیں۔ لارنس بشنوئی کے وکیل وشال چوپڑا نے بی بی سی کی نامہ نگار چترا موہنتی کو بتایا: 'میرا موکل بے قصور ہے، اس نے کوئی جرم نہیں کیا ہے۔'

### طالب علمی کی زندگی

لارنس بشنوئی ضلع فاضلکا کے علاقے ابوہر کے رہائشی ہیں۔ یہ گاؤں انڈیا کے سرحدی علاقے میں واقع ہے۔ یہ پنجاب کے مغرب کی طرف ہے۔ پنجاب کے اس علاقے کے مغرب میں پاکستان سے متصل انڈیا کی سرحد ہے اور اس کے جنوب میں راجستھان اور ہریانہ ہیں۔ اس علاقے میں پنجاب، ہریانہ اور راجستھان کی مشترکہ ثقافت رائج ہے۔ تفصیلات کے مطابق لارنس بشنوئی کا خاندان زراعت کے پیشے سے وابستہ ہے اور ان کے پاس کافی زمین ہے۔ لارنس کا ایک اور بھائی انمول بشنوئی ہے۔ ان کی والدہ سنیتا بشنوئی نے ایک بار گاؤں کے سرپنچ کا الیکشن لڑنے کا فیصلہ کیا تھا۔ اس کے لیے انھوں نے فارم بھی بھرا تھا لیکن بعد میں الیکشن نہیں لڑا۔

لارنس کا تعلق بشنوئی برادری سے ہے، جو پنجاب، ہریانہ اور راجستھان کے کئی حصوں میں آباد ہے۔ انھوں نے ابتدائی تعلیم ابوہر کے ایک پرائیویٹ کانونٹ سکول سے حاصل کی۔ سنہ **2011** میں انھوں نے ڈی اے وی کالج، چندی گڑھ میں داخلہ لیا۔ یہاں سے وہ طلبہ سیاست میں بھی شامل ہو گئے۔ لارنس بشنوئی کی طالب علمی کے دوران سکول اور کالج میں ان کے ساتھ رہنے والے دیگر طلبا کا کہنا ہے کہ وہ پنجابی، باگڑی اور ہریانوی زبانیں بولتے ہیں۔

لارنس بشنوئی، جو طلبا کی سیاست میں سرگرم تھے، طلبا تنظیم 'پنجاب یونیورسٹی سٹوڈنٹ آرگنائزیشن' کے سرگرم رکن تھے، لیکن انھوں نے کبھی پنجاب یونیورسٹی میں داخلہ نہیں لیا۔ جس وقت لارنس بشنوئی طلبا سیاست میں سرگرم تھے، چندی گڑھ کے کالجز اور یونیورسٹیوں پر مقامی طلبا تنظیموں جیسا کہ پنجاب یونیورسٹی سٹوڈنٹ آرگنائزیشن اور پنجاب یونیورسٹی سٹوڈنٹ یونین کا راج تھا۔ لیکن بعد کے زمانے میں نیشنل سٹوڈنٹس آف انڈیا اور سیاسی جماعتوں سے وابستہ سٹوڈنٹس آرگنائزیشن آف انڈیا نے یہاں سیاست شروع کی۔ یہ تنظیمیں پارٹیوں کے نظم وضبط کے تحت کام کرتی تھیں۔

### لارنس بشنوئی کے خلاف مقدمے

لارنس بشنوئی کو سنہ **2014** میں پہلی بار جیل منتقل کیا گیا۔ انھیں راجستھان میں مبینہ طور پر ایک پولیس مقابلے کے بعد گرفتار کیا تھا۔ سنہ **2021** میں انھیں دہلی کی تہاڑ جیل منتقل کر دیا گیا۔ جون **2022** کو پنجاب پولیس نے انھیں سدھو موسے والا قتل کیس میں گرفتار کیا۔ یاد رہے کہ سدھو موسے والا کو گذشتہ سال **29** مئی کو پنجاب میں قتل کر دیا گیا تھا۔ بعد میں انھیں تہاڑ جیل سے بھٹنڈا جیل منتقل کیا گیا۔

# وطن سرینگر

## وادی میں بڑھتے ہوئے جرائم

کشمیر وادی چونکہ ولیوں اور صوفیوں کی جگہ مانی جاتی ہے اور دُنیا اور ملک بھر کشمیری لوگوں کی پہچان ایج نہایت ہی نرم دِل صاف وشفاف اور کسی بھی دوسرے شخص کے بارے میں بُرا سوچنا تو دور کی بات کرنے کی سوچ بھی نہیں سکتے مگر حالات آجکل بد سے ابتر ہوتی دکھائی دے رہی ہیں کیونکہ پچھلے کچھ وقت میں کشمیر وادی میں قتل و غارت بہت حد تک بڑھ گیا ہے۔ پچھلے کچھ وقت سے وادی اور خاص طور پر پچھلے مہینے جو واقعہ پیش آیا وہ دِل دہلانے والا ہے اور ایسے واردات اور خبر ہم یا تو نیوز چینل میں باہری ریاستوں وملکوں میں سُنتے تھے یا پھر فلمی دُنیا میں بنائی جانے والی فلموں میں دیکھا جاتا تھا اور کشمیر میں اِس طرح کے واقعات انسان کبھی وہم وگمان میں بھی نہیں لا سکتا تھا۔ کچھ وقت پہلے دِلی میں ایک لڑکی کا بے دردی سے قتل کر کے اُس کے جسم کو چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں کاٹنے کی خبر سے لوگ پہلے ہی خوفزادہ تھے کہ اب کشمیر میں بھی ایک معصوم لڑکی کا قتل کرنے کے بعد اُس کے ٹکڑے کر کے مختلف جگہوں میں دفن کیا گیا اور یہ کام کسی باہر سے آئے ہوئے شخص نے نہیں بلکہ کشمیری نوجوان نے جو کہ کشمیر کی زمین پر پلا بڑا ہے اور جہاں پر صبح آنکھ مسجدوں سے آئی ہوئی آذان کی آواز سے کُھلتی ہے۔ ہمارے معاشرے میں اِس طرح کے سنگین جرائم ہونا اِس بات کی طرف اشارہ کرتا ہے کہ وادی کشمیر بھی جرائم پیشہ افراد کی چپیٹ میں آیا ہوا ہے اور آئے روز دِل دہلانے والی خبریں ہمارے سامنے آتی ہے اور ہم لوگ ہاتھ پر ہاتھ دھرے ہوئے خاموش تماشائی بنے اپنی باری کا انتظار کرتے ہیں۔ ہمیں ایک باشعور معاشرے کا ثبوت دے کر اپنے اور اپنے آس پاس میں رہنے والے لوگوں کی اصلاح کرنی ہوگی تاکہ آنے والے وقت میں اِس طرح کی کوئی بھی حرکت ہمارے معاشرے اور آس پڑوس میں رونما نہ ہونے پائے اور ہر ایک شخص اور خاص طور پر ہماری عورتیں محفوظ رہے۔

J&K Bank
Serving To Empower

BAJAJ GENERAL
CARINGLY YOURS




Bajaj General Extra Care Plus policy along with the added benefits of Health Prime Rider ensures that you don't have to settle for less when it comes to you and your family's growing healthcare needs.

**Bajaj General Extra Care Plus's Features:**

- Long Term Discount
- Option to Opt for Air Ambulance
- Free health check-up

**Benefits of Health Prime Rider:**

- Rider for both Individual & Family Floater Basis**
- 24*7 Unlimited Tele-Consultation
- Investigations Cover

**Based on the variant opted in health plan

**To Know More** Contact your J & k Bank's Relationship Manager

**Bajaj General Insurance Limited** (Formerly known as Bajaj Allianz General Insurance Co. Ltd.) Bajaj Insurance House, Airport Road, Yerawada, Pune - 411006. IRDAI Reg No.: 113. | CIN: U66010PN2000PLC015329 | UIN: Extra Care Plus-BAJHLIP23069V032223,Health Prime Rider-BAJHLIA24087V022324 | web: www.bajajgeneralinsurance.com |Toll free: 1800-209-5858 / 1800-209-0144 | careforyou@bajajgeneral.com For more details on risk factors and Terms and Conditions, please read the sales brochure before concluding a sale. | BGI-O-JK-004/18-12-2025

J&K Bank Ltd is a licensed Corporate Agent [bearing License No.: CA0029] of Bajaj General Insurance Limited [IRDAI registration No. 113]. The benefits/features of products are indicative and for more details on risk factors and Terms and Conditions, please read the sales brochure before concluding a sale.

PUBLISHED BY: BISMA TAJAMUL, PRINTED BY: BISMA TAJAMUL on behalf of BISMA TAJAMUL R.N.I No: JKURD/2011/37141,
Printed At : K.T. Press Pvt Ltd. Rangreth Budgam J&K 190021 , Published From: NEW BUS STAND, BUDGAM J&K 191111, Editor: BISMA TAJAMUL
CONTACT NO. 9419786936, 6006551484, EMAIL: WATTANDAILY@GMAIL.COM,